(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**صارفین کا رویہ**

ڈیجیٹل معیشت — آن لائن فوڈ ڈیلیوری کا استعمال

## صرف 18% پاکستانیوں نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران آن لائن کھانا آرڈر کرنے کا بتایا؛ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد (46%) اور کم عمر افراد (22%) میں اس حوالے سے زیادہ شرح پائی گئی۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 30 اپریل 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، صرف 18% پاکستانیوں نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران فوڈ پانڈا یا کسی اور ڈیلیوری سروس سے گھر پر کھانا منگوانے کی اطلاع دی، جبکہ ایک بڑی (72%) شرح کے مطابق انہوں نے گھر پر کھانا منگوانے کیلئے ایسی کسی سروس کا استعمال نہیں کیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ ایک ہفتے میں آپ نے مندرجہ ذیل سرگرمیاں کیں۔ گھر پر فوڈ پانڈا یا کسی اور ڈیلیوری سروس سے کھانا منگوایا اور کھایا؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 18% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے گزشتہ ہفتے آن لائن کھانا آرڈر کیا، جبکہ 72% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران آئن لائن کوئی کھانا آرڈر نہیں کیا۔ دیگر 10% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا یعنی معلوم نہیں یا کوئی جواب نہیں دیا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ اگرچہ پاکستان میں فوڈ ڈیلیوری پلیٹ فارمز کی موجودگی میں اضافہ ہو رہا ہے، لیکن ان کا استعمال ابھی بھی محدود ہے، جہاں 5 میں 1 سے بھی کم پاکستانی نے حال ہی میں اس سروس کے استعمال کی اطلاع دی۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ ایک ہفتے میں آپ نے مندرجہ ذیل سرگرمیاں کیں۔ گھر پر فوڈ پانڈا یا کسی اور ڈیلیوری سروس سے کھانا منگوایا اور کھایا؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 787 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** تعلیم کے اعتبار سے فوڈ پانڈا یا کسی اور ڈیلیوری سروس کے استعمال میں واضح فرق دیکھنے میں آتے ہیں۔ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد کی تقریباً نصف (46%) شرح نے گزشتہ ہفتے آن لائن کھانا آرڈر کرنے کی اطلاع دی، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح صرف 13% رہی۔


یہ نمایاں فرق اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ڈیجیٹل سہولیات، معلومات اور مالی استطاعت فوڈ ڈیلیوری کے استعمال میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** عمر کے اعتبار سے نتائج یہ ظاہر کرتے ہیں کہ کم عمر افراد میں آن لائن کھانا آرڈر کرنے کے رجحانات نسبتاً زیادہ ہیں، جہاں 30 سال سے کم عمر افراد کی 22% شرح نے گزشتہ ہفتے آن لائن کھانا آرڈر کرنے کی اطلاع دی۔ درمیانی عمر کے گروپ کے افراد میں یہ شرح کم دیکھنے میں آئی، جہاں 30–39 سال کے افراد میں کی 15% شرح اور 40–49 سال کے افراد کی 11% شرح نے آن لائن کھانا آرڈر کرنے کے حوالے سے بتایا۔

دلچسپ طور پر، 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد میں ایک معمولی اضافہ (24%) دیکھا گیا، تاہم مجموعی طور پر تمام عمر کے گروپ کے افراد میں اس کا استعمال محدود رہا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں فوڈ ڈیلیوری سروسز ابھی بھی مکمل طور پر عام نہیں ہیں، جہاں ان کا استعمال زیادہ تر نسبتاً تعلیم یافتہ اور کم عمر افراد کے طبقات تک محدود ہے۔ اگرچہ فوڈ پانڈا جیسے پلیٹ فارمز کی مقبولیت میں اضافہ ہو رہا ہے، لیکن ان کا استعمال ابھی تک وسیع پیمانے پر عام نہیں ہو سکا۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 30 April 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)